# آؤ ایک کھیل کھیلیں

## اعداد کاٹیں:

اپنی سلیٹ یا کاپی پر ایک جالی بنایئے چار خانے آڑے میں اور چار خانے کھڑے میں۔ ہر خانے میں ایک عدد لکھئے۔عدد 0 سے 99 کے بیچ کا ہونا چاہئے۔(0 اور 99 بھی شامل ہیں) کسی بھی عدد کو دو بار نہیں لکھنا ہے مثال کے طور پر ایک جالی استاد کی طرف سے بھری گئی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4 | 20 | 34 | 17 |
| 12 | 5 | 64 | 44 |
| 45 | 71 | 84 | 40 |
| 33 | 65 | 10 | 99 |

جب سب اپنی اپنی جالی بنالیں تو استاد عدد بولیں گے۔سب کے پاس 0 سے 99 تک کے اعداد لکھے ہوں گے۔ استاد جیسے جیسے کوئی عدد بولیں گے اسے اپنے چارٹ پر کاٹ لیں گے۔ باقی سب کو بھی اپنی اپنی چارٹ میں، اگر وہ عدد ہو تو کاٹنا ہے۔ جیسے اگر استاد نے کہا ''ستر'' جن کے چارٹ میں ''70'' ہوگا وہ سب اسے کاٹ لیں گے۔ جن کے سب اعداد پہلے کٹ جائیں گے۔ وہ اول ہوگا

اگر اس نے کوئی بھی غلط عدد کاٹ دیا ہو تو وہ باہر ہو جائے گا۔ (استاد کو اپنی چارٹ سے وہ عدد دیکھنا ہے جو انہوں نے بولا ہے) جیسے اگر استاد بولیں ''بتیس'' اور کسی نے '23' کاٹ دیا ہو تو وہ باہر کر دیا جائے گا۔ ایک دو بار، ایک ایک عدد بول کر کھیلا جاسکتا ہے۔ ایک عدد بولنے کیلئے ایسے بھی بول سکتے ہیں تو نو دہائی اور آٹھ اکائی بتایئے کون سا عدد کٹے گا؟

# دوسرا کھیل

پہلے کھیل کی طرح ایک چارٹ بنالیجئے اور اس میں پہلے کی طرح 0 سے 99 کے بیچ کے اعداد بھر لیجئے۔
اس کھیل میں ایک ایک عدد بولنے کے بجائے اس طرح ہدایت دیں (اس چارٹ میں عدد بھر کر کھیلئے)

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

ایک ہندسہ والے سبھی اعداد کاٹ دیں۔

اکائی میں 5 ہو، ایسے اعداد کاٹ دیں۔


دہائی میں 2 ہو ایسے اعداد کاٹ دیں۔

اس ہدایت سے کون کون سے اعداد کٹیں گے؟ ایسی اور ہدایت سوچئے، بنائیے اور کھیلئے۔


پہلے کھیل کی طرح وہ اول ہوگا جس کی چارٹ کے سب اعداد پہلے کٹ جائیں گے۔ مگر کھیل تب تک جاری رہے گا۔
جب تک سب اعداد کٹ نہ جائیں۔


باب-5

# اسی نوے پورے سو








اس کھیل میں ثانیہ 21 ویں خانے پر ہے۔ وہ پانسا پھیکتی ہے اسے دو عدد آتا ہے، بتاؤ لالی وہ کون سے خانے میں پہنچے گی۔



ہاں میڈم وہ 23 پر، پہنچے گی لیکن سیڑھی کی مدد سے 80 پر چلی جائے گی۔



اب تم بتاؤ ثانیہ، لالی 34 پر ہے، اسے تین عدد آتا ہے اب وہ کہاں پہنچے گی




ارے اسے سانپ کھا جائے گا، وہ تین کے خانے میں آجائے گی۔

کھیل آگے بڑھتا ہے۔ ثانیہ 97 کے خانے میں ہے اور لالی 88 کے خانے میں ہے۔ ثانیہ پانسہ پھینکتی ہے۔



لالی، ثانیہ کو 3 عدد آتا ہے وہ کہاں پہنچے گی



وہ 99,98............
گھر میں پہونچ گئی
اس گھر کے عدد کو بتائیں میڈم

99 کے بعد کا گھر 100 ہوتا ہے اسے ایک سیکڑا کہتے ہیں۔

## اب بتائیے۔

1. اس کھیل میں آخری خانے میں کون سا عدد ہوگا۔ (.........)
2. عدد 100 کو کیا کہتے ہیں۔ (.........)

## ایسے بھی جانئے:



S.S.A. 2015-16 (Free)





ارے واہ! دیکھو تو اب کل 10 لڑیاں بن جائیں گی
یہاں دیکھو ہار میں 100 موتیاں ہیں۔




یعنی ایک ہار = 10 لڑی
10 لڑی = 100 موتی



ہاں! یہ تو ٹھیک ہے۔ دس لڑیوں کا ایک ہار بن گیا اس کا کیا مطلب؟

ثانیہ، آپ تو جان چکی ہیں کہ ایک موتی کو ایک اکائی کہتے ہیں اور 10 موتیوں کی لڑی کو دہائی کہتے ہیں



اب جانیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لڑی | = | 10 | موتی |
| 10 | لڑی | = | 100 | موتی |

اس 100 موتی کو سیکڑا بھی کہتے ہیں۔

**100 موتی = ایک سیکڑا = ایک سو**


## اب بتایئے۔

1. ایک لڑی میں کل کتنے موتی ہیں؟
2. ایک ہار میں کل کتنے لڑیاں ہیں؟
3. ایک ہار میں کل کتنے موتی ہیں؟




لالی اور ثانیہ گن تارہ کی مدد سے 99
کے بعد کے عدد 100 کو جاننے کی کوشش کر رہی ہیں۔

لالی، اس گن تارہ
پر اکائی، دہائی کی چھڑوں
میں 9-9 موتی ہے۔ اس طرح 99 کا
عدد بنتا ہے۔ اگر اس میں اکائی کی جگہ پر
1 موتی اور بڑھا دیں تو کیا ہوگا؟




اکائی کے چھڑ میں 1 موتی اور ڈالنا
چاہیں تو اس میں نہیں آئے گا کیونکہ ایک
چھڑ میں 9 موتی ہی آئیں گے۔



پھر تو اکائی کے چھڑ کو خالی کر کے ان 10
موتیوں کے بدلے
دہائی کے چھڑ میں
ایک موتی ڈالنا ہوگا

ارے! لیکن دہائی
کے چھڑ میں 9 موتی
تو پہلے سے ہی ہیں




لالی اور ثانیہ آگے کیا کریں؟ اس کے لئے وہ دونوں میڈم کے پاس جاتی ہیں۔

ثانیہ اور لالی۔ دہائی کے
چھڑ کے موتیوں کو
خالی کر کے ان 10
موتیوں کے بدلے
1 موتی آگے کی جگہ پر
ڈالنا ہوگا۔


لیکن یہ کیسے ہوگا میڈم
ہمارے پاس تو دو ہی چھڑ ہیں








ہاں ثانیہ اس کے لئے ایک نئی
چھڑ کی ضرورت ہوگی یعنی ایک
نئی جگہ بنانی ہوگی۔ اس نئی جگہ کو سیکڑہ کہتے ہیں
اس چھڑ میں ہمیں ایک موتی ڈالنا ہوگا۔




بتایئے 99 میں 1 ملانے پر کون سا عدد بنے گا؟

| سیکڑہ | دہائی | اکائی |
|---|---|---|
| | | |

S S.A. 2015-16 (Free)



آپ جانتے ہیں کہ 99
دوہندسوں کا سب سے
آخری اور سب سے
بڑا عدد ہے

آپ جانتے ہیں کہ 100
تین ہندسوں کا سب
سے پہلا اور سب سے چھوٹا عدد ہے





ہاں!
اب میں سمجھی
100 اکائی = 10 دہائی = ایک سیکڑہ

## ہم نے سمجھا

| | | |
|---|---|---|
| 100 | 100 | ایک سیکڑہ = ایک سو |
| 100 100 | 200 | دوسیکڑہ = دوسو |
| 100 100 100 | 300 | تین سیکڑہ = تین سو |










سبق: 6

# 200 تک کی سیر

اب اسے دیکھیے اور کیجیے:۔

| مالا | لڑی | کھلے موتی | اکائی | دہائی | سیکڑہ | عدد | عدد کا نام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2 | 0 | 1 | 102 | ایک سو دو |
| | | | 7 | 0 | 1 | 107 | ایک سو سات |
| | | | 2 | 1 | 1 | 112 | ایک سو بارہ |
| | | | 6 | 1 | 1 | 116 | ایک سو سولہ |
| | | | | | | | ایک سو سترہ |
| | | | | | | | ایک سو اٹھارہ |

انہیں جانیں: س = سیکڑہ   د = دہائی   ا = اکائی

| مالا | لڑی | کھلے موتی | اکائی | دہائی | سیکڑہ | عدد | عدد کا نام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
|  |  | | 0 | 2 | 1 | 120 | ایک سو بیس |
|  |  |  | 2 | 2 | 1 | 122 | ایک سو بائیس |
|  |  |  | | | | | ایک سو پچیس |
|  |  |  | | | | | ایک سو چھتیس |
|  |  |  | | | | | ایک سو اکتالیس |


اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ایسی ہی مشقیں کچھ اور بنائیے اور کھیلئے۔

## پڑھیں اور بولیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 99 | نناوے | 184 | |
| 100 | | 186 | |
| 101 | | 187 | |
| 104 | | 188 | |
| 108 | | 189 | |
| 112 | | 190 | |
| 125 | | 191 | |
| 136 | | 192 | |
| 158 | | 193 | |
| 175 | | 198 | |
| 181 | | 200 | |

## میری کنجی کون سی ہے؟

تالوں کے سامنے ان کی کنجیاں بنی ہوئی ہیں۔ تالوں میں لکھے ہوئے عدد کے مطابق کنجیوں میں عدد ہندسہ میں لکھیے۔







## اعداد کے نام کو اعداد سے ملایئے۔

| | |
|---|---|
| 115 | ایک سو ستتر |
| 126 | ایک سو پینسٹھ |
| 138 | ایک سو بیاسی |
| 150 | ایک سو اکیانوے |
| 165 | ایک سو چھبیس |
| 130 | ایک سو پچاس |
| 104 | ایک سو اڑتالیس |
| 177 | ایک سو ترانوے |
| 199 | ایک سو چار |
| 182 | ایک سو پندرہ |
| 193 | ایک سو تیس |
| 191 | ایک سو ننانوے |



نیچے دیے گئے خانوں میں مٹھو نے کچھ گھر خالی چھوڑ دیے ہیں۔ انہیں پورا کیجیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 101 | | | 104 |  | | | 108 | | 110 |
|  | 112 |  | 114 | | | | 118 | 119 | |
| 121 | | 123 | | | 126 | | | 129 | 130 |
| 131 | | | 134 | 135 | | | 138 | |  |
| | 142 | | 144 | | | 147 | | 149 | |
| | | 153 | | | 156 | 157 | 158 | | 160 |
| 161 | 162 | | 164 | 165 | | | 168 | | |
| | 172 | | | 175 | 176 |  | | 179 | 180 |
| 181 | | 183 |  | 185 | | | 188 | | |
| | 192 | | 194 | | 196 | | 198 | | 200 |
| | | | | | | | | | |

## آپ بتایئے:

1۔ طوطا کس خانے میں بیٹھا ہے؟

2۔ چوہا کس خانے میں بیٹھا ہے؟

3۔ اونٹ کن کن خانوں میں چل کر طوطے تک پہنچے گا۔


4۔ خرگوش اور شیر کس عدد کے خانے میں بیٹھے ہیں۔

5۔ ہاتھی کس عدد کے گھر میں بیٹھا ہے۔

# باب-7

## اکائی، دہائی، سیکڑہ

لالی کے گھر میں شادی ہے۔ اُسے اس کی ممی نے مالا بنانے کے لئے کچھ موتی دیئے ہیں۔




| موتیوں کی تعداد | اکائی موتی | دہائی لڑی | سیکڑہ مولا | تعداد لفظوں میں |
|---|---|---|---|---|
| 100 | 0 | 0 | 1 | ایک سو |
| 101 | 1 | 0 | 1 | ایک سو ایک |
| 102 | 2 | 0 | 1 | ایک سو دو |
| 113 | - | - | - | ایک سو تیرہ |
| 121 | - | - | - | ایک سو اکیس |

اعداد کو لفظوں میں اکائی، دہائی و سیکڑہ میں لکھیے۔


| ہندسوں میں عدد | لفظوں میں عدد | اکائی | دہائی | سیکڑہ |
|---|---|---|---|---|
| 107 | ایک سو سات | 7 | 0 | 1 |
| 112 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 132 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 110 | ایک سو دس | .................. | .................. | .................. |
| 104 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 168 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 120 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 175 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 155 | ایک سو پچپن | .................. | .................. | .................. |
| 187 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 190 | .................. | .................. | .................. | .................. |
| 124 | .................. | .................. | .................. | .................. |


## گن تارا میں موتیوں کا کھیل


یہاں گن تارا کی چھڑوں میں کچھ موتی ڈالے گئے ہیں۔ اکائی، دہائی وسیکڑہ کی چھڑوں میں ڈالے گئے موتیوں کو گن کر خالی جگہوں میں ان کی تعداد لکھیے۔






ایک سو چار













# مشق




## خالی جگہوں کو بھریئے

| عدد | تفصیل | اکائی | دہائی | سیکڑہ |
|---|---|---|---|---|
| 115 | 5اکائی + 1دہائی + 1سیکڑہ | 5 | 1 | 1 |
| 143 | 3اکائی + 4دہائی + 1سیکڑہ | 3 | 4 | 1 |
| 108 | | | | |
| 150 | | | | |
| 165 | | | | |
| 176 | | | | |
| 187 | | | | |
| 192 | | | | |
| 196 | | | | |
| 124 | | | | |
| 139 | | | | |
| 126 | | | | |
| 200 | | | | |

# عجب گاؤں کی غضب دُکان


ثانیہ اور لالی اپنی سہیلیوں کے ساتھ گاؤں کی ایک دُکان پر سامان لینے جاتی ہیں۔ یہ دُکان عجیب ہے۔ اس میں دکان دار صرف سو(100) اور دس (10) کے پیکٹوں میں سامان دیتا ہے۔ اس سے کم ہونے پر کھلی ہوئی چیزیں دیتا ہے۔ تم معلوم کرو کہ ثانیہ، لالی اور ان کی سہیلیوں نے سو100 اور دس10 کے کتنے پیکیٹ لئے اور کتنی چیزیں کھلی ہوئی لیں۔



| نام | چیزیں | 100 کے پیکیٹ | 10 دس کے پیکیٹ | کھلی چیزیں |
|---|---|---|---|---|
| لالی | 168 | 1 | 6 | 11111111 |
| ثانیہ | 108 | | | |
| فاطمہ | 143 | | | |
| موہن | 155 | | | |
| اقبال | 188 | | | |
| راجو | 195 | | | |

آپ بھی سو (100) اور اس سے بڑے اعداد کو سیکڑہ اور دس (10) کی تھیلیوں کو دہائی اور کھلی چیزوں کو اکائی کی شکل میں سمجھ سکتے ہیں۔

آیئے سیکھیں۔

| سو100 کی تھیلی یعنی سیکڑہ | دس10 کی تھیلی یعنی دہائی | کھلی چیزیں یعنی اکائی |
| --- | --- | --- |
| 156=  1 سیکڑہ |  5 دہائی |  6 اکائی |
| 198= | | |
| 132= | | |

## خالی جگہوں کو بھریں۔



136
1 سیکڑہ + 3 دہائی
+ 6 اکائی

116

175
.......... سیکڑہ + .......... دہائی
+ .......... اکائی

1 سیکڑہ + 0 دہائی
+ 8 اکا

159

1 سیکڑہ + 5 دہائی
+ 5 اکائی

174
.......... سیکڑہ + .......... دہائی
+ .......... اکائی


1 سیکڑہ + 9 دہائی
+ 2 اکائی

198

1 سیکڑہ + 4 دہائی
+ 9 اکائی

# مقامی قیمت

## ہندسوں کی اچھل کود





اوپر کی تصویر میں سونو کا خاندان ہے۔ سونو جب اپنے رشتہ داروں کے پاس جاتا ہے تو اس کا رشتہ بدلتا رہتا ہے، جیسے:

- سونو اپنے ابا کے پاس جاتا ہے تو بیٹا ہوتا ہے۔
- سونو اپنے چچا کے پاس جاتا ہے تو وہ بھتیجا بن جاتا ہے۔
- سونو اپنے دادا اور دادی کے پاس جاتا ہے تو وہ پوتا کہلاتا ہے۔
- وہ جب نانا، نانی کے گھر جاتا ہے تو وہ ناتی بن جاتا ہے۔ یعنی سونو کی جگہ بدلنے پر اس کا رشتہ بھی بدل جاتا ہے۔

اسی طرح عددوں کی جگہ بدلنے پر ان کا نام بھی بدلتا رہتا ہے۔ جیسے 13 میں عدد 1 پہلے آیا اور 3 بعد میں جبکہ 31 میں عدد 3

پہلے آیا اور 1 بعد میں آیا ہے۔ عدد 13 اور 31 میں 1 اور 3 کی قیمت تو وہی ہے جسے 'ہندسی قیمت' کہتے ہیں۔ اب دیکھیے اس کا مقام بدلنے پر کیا ہوتا ہے؟

اسے گنتارا کی مدد سے آسانی سے سمجھو۔



یعنی

13 میں

3 کی مقامی قیمت = 3 اکائی یعنی 3

1 کی مقامی قیمت = 1 دہائی یعنی 10


اسی طرح 31 میں

1 کی مقامی قیمت = 1 اکائی یعنی 1


3 کی مقامی قیمت = 3 دہائی یعنی 30




13 =



اب سوچئے:




3 تیلی = 3 اکائی

اسی طرح 31 کے لئے یہاں


30 تیلی = 3 بنڈل = 3 دہائی یعنی 30

1 تیلی = 1 اکائی یعنی 1









10 تیلی = 1 بنڈل

1 بنڈل = 1 دہائی

10 بنڈل = 1 سیکڑہ


اس لیے 132 میں

1 کی مقامی قیمت = 1 سیکڑہ یعنی 100


3 کی مقامی قیمت = 3 دہائی یعنی 30

2 کی مقامی قیمت = 2 اکائی یعنی 2

## سمجھئے اور کیجئے



21



12

21 میں


2 کی مقامی قیمت ..................

1 کی مقامی قیمت ..................


12 میں

1 کی مقامی قیمت ..................

2 کی مقامی قیمت ..................



41



14

41 میں

4 کی مقامی قیمت ..................


1 کی مقامی قیمت ..................

14 میں


1 کی مقامی قیمت ..................

4 کی مقامی قیمت ..................


115





105





149





125




190




130





## آیئے ہم گھیرے ہوئے عدد کی مقامی قیمت معلوم کریں



| | |
|---|---|
| 15 (6) | 6 اکائی |
| 1 (3) 8 | |
| 19 (4) | |
| (1) 79 | |
| 1 (2) 5 | |
| 20 (0) | |

# باب-8

## کون بڑا-کون چھوٹا؟

میری مدد کیجئے۔



انکل جی میرے پاس 95 روپے ہیں اور لالی کے پاس 104 روپئے ہیں تو ہم دونوں میں سے کس کے پاس زیادہ روپے ہیں؟

2 ہندسوں کا عدد 1 ہندسے کے عدد سے ہمیشہ بڑا ہوتا ہے۔ 3 ہندسوں کا عدد 2 ہندسوں اور 1 ہندسہ کے عدد سے ہمیشہ بڑا ہوتا ہے۔



| سینکڑہ | دہائی | اکائی |
| --- | --- | --- |
| 1 | 0 | 4 |

| سینکڑہ | دہائی | اکائی |
| --- | --- | --- |
|  | 9 | 5 |

لہٰذا 104، 95 سے بڑا ہے۔



یہ تو ٹھیک ہے، انکل! اگر میرے پاس 170 روپئے اور لالی کے پاس 150 روپے ہیں تو ہم دونوں میں سے کسی کے پاس زیادہ روپے ہیں؟



دیکھئے! اعداد کا ہمیشہ مقامی قیمت سے موازنہ کیجئے۔ دونوں اعداد میں ہندسہ 1 کی مقامی قیمت 100 ہے اب 170 میں دہائی ہندسہ 7 کی مقامی قیمت 70 ہے اور 150 میں دہائی ہندسہ 5 کی مقامی قیمت 50 ہے۔ آپ کے پاس لالی سے زیادہ روپے ہیں۔ اس لئے 170، 150 سے بڑا ہے۔

| سینکڑہ | دہائی | اکائی |
| --- | --- | --- |
| 1 | 7 | 0 |

| سینکڑہ | دہائی | اکائی |
| --- | --- | --- |
| 1 | 5 | 0 |



ثانیہ اب آپ بتائیے، 169 اور 165 میں کون بڑا ہے اور کون چھوٹا ہے؟

| سینکڑہ | دہائی | اکائی | |
|---|---|---|---|
| 1 | 6 | 9 | 169 |
| 1 | 6 | 5 | 165 |

انکل جی، یہاں تو دونوں سینکڑے کے ہندسوں کی مقامی قیمت برابر ہے۔ دہائی ہندسہ کی مقامی قیمت بھی برابر ہے 169 میں اکائی ہندسہ 9 کی قیمت بڑی ہے اور 165 میں اکائی ہندسہ 5 کی قیمت چھوٹی ہے۔





لہٰذا :  169 بڑا ہے 165 سے

یا  165 چھوٹا ہے 169 سے


اب آپ بڑے عدد کو نیچے والے پلڑے میں اور چھوٹے عدد کو اوپر کے پلڑے میں لکھیے۔

جیسے:





123,191




149,182



135,195



182,125



112,104



142,169







بڑے عدد کے نیچے گھاس ہے، جسے بکری کو کھانا ہے۔ گھاس کھانے کے لئے بکری کس عدد کو ہٹائے گی اسے گھیریے۔

| | |
|---|---|
| 164, 128 | 125, (186) |
| 146, 129 | 198, 134 |
| 182, 164 | 153, 139 |

زمین پر گرے ہوئے پتّے پر چھوٹے عدد لکھیے۔



# بڑھتی اور گھٹتی ترتیب




چھوٹے عدد سے بڑے عدد تک جانے کو بڑھتی ترتیب کہتے ہیں جیسے: 20,19,18,17,16,15

بڑے عدد سے چھوٹے عدد تک جانے کو گھٹتی ترتیب کہتے ہیں جیسے: 15,16,17,18,19,20

لالی، اب آپ ان اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھ کر دکھایئے۔



94, 46, 32, 82, 67 — 94, 82, 67, 46, 32

43, 82, 16, 34, 28 — ____________

75, 11, 84, 67, 52 — ____________

64, 34, 38, 80, 92 — ____________

ثانیہ اب آپ ان اعداد کو گھٹتی ترتیب میں لکھ کر دکھایئے



71, 62, 36, 94, 18 — ____________


5, 16, 2, 8, 13 — ____________

93,42,39,21,78 — ____________

لالی، دیکھیے اس ٹرک پر اعداد سوار ہو کر جا رہے ہیں، کیا آپ ان اعداد کو بڑھتی ترتیب میں سجا سکتی ہیں؟




کیا آپ لالی کی مدد کر سکتے ہیں؟




ثانیہ وہ دیکھیے۔ دوسری ٹرک پر بھی ڈھیر سارے اعداد سوار ہیں۔ اب آپ انہیں گھٹتی ترتیب میں سجائیں۔



چلیے۔ آپ بھی ثانیہ کی مدد کیجیے



1. اعداد کو بڑھتے ترتیب میں سجائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 13 | 10 | 1 | 16 | 4 |

1




2. اعداد کو گھٹتی ترتیب میں سجائیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20 | 94 | 32 | 67 | 58 |



32

## ٹھیک بعد والے عدد







### ٹھیک بعد والے عدد لکھیے

| | |
|---|---|
| 124 | |
| 139 | |
| 168 | |
| 199 | |

| | |
|---|---|
| 165 | |
| 115 | |
| 191 | |
| 154 | |

## ٹھیک پہلے والے عدد







## ٹھیک پہلے والے عدد لکھیے


| | |
|---|---|
| | 156 |
| | 110 |
| | 192 |
| | 140 |

| | |
|---|---|
| | 169 |
| | 148 |
| | 151 |
| | 190 |

## درمیانی عدد




## ریل کے ڈبے میں درمیانی عدد لکھیے




ہدایاتِ معلم حضرات: لال ڈبے کے ساتھ اس کے اغل بغل نیلے ڈبوں کو الگ الگ ایک ساتھ کرتے ہوئے بیچ والے عدد کا مشق کرائیں۔

## درمیان عدد لکھیے

| | | |
|---|---|---|
| 152 | | 154 |
| 161 | | 163 |
| 184 | | 186 |
| 169 | | 171 |
| 105 | | 107 |

| | | |
|---|---|---|
| 156 | | 158 |
| 190 | | 192 |
| 178 | | 180 |
| 164 | | 166 |
| 116 | | 118 |

## دو ہندسوں کی مدد سے عدد بنانا



لالی، 3 اور 6 سے، بغیر دہرائے، دو ہندسوں کے کتنے اعداد بنائے جاسکتے ہیں؟



دو عدد بنائیں جاسکتے ہیں 36 اور 63

اب اگر ہندسوں کو دہرایئے تب

چار اعداد بنیں گے

جیسے :36, 63, 33, 66



سنو! لالی اور رحمت، اعداد کا بننا، ہندسوں کے مقام پر ہی منحصر کرتا ہے۔

## نیچے دیے گئے دو ہندسوں کو دہراتے ہوئے اعداد بنائیں

2 اور 5 سے بننے والے عدد

25 22 52 55

5 اور 6 سے بننے والے عدد

[illegible] اور 7 سے بننے والے عدد

1 اور 4 سے بننے والے عدد

8 اور 9 سے بننے والے عدد

3 اور 2 سے بننے والے عدد

5 اور 3 سے بننے والے عدد